اسلام آباد، لاہور، کراچی اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا معتبر مستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر: محمد نبیل ملک

روزنامہ عوام انٹرنیشنل

اسلام آباد / فیصل آباد

CPL No.156.Trade Mark No.046674

جلد نمبر 11 | جمعرات، 13 نومبر 2025ء، 21 جمادی الاول 1447ھ، 30 کاتک 2077 بم | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 251

# وفاقی محتسب عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے سرگرم، شاہد حسین جیلانی کی کمالیہ میں کھلی کچہری

## ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے تمام شکایات نہایت توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ واپڈا افسران کو ان کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے

## کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے تاکہ عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جا سکے

## وفاقی محتسب پاکستان کا دروازہ ہر شہری کے لیے ہمیشہ کھلا ہے اور کسی کو انصاف کے حصول میں رکاوٹ کا سامنا نہیں کرنے دیا جائے گا

فیصل آباد/کمالیہ، (پ ر) وفاقی محتسب پاکستان کے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو فوری، سستا اور بامقصد انصاف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے اور عوامی شکایات کے حل میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وہ بدھ کے روز واپڈا کمپلیکس کمالیہ میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے تھے جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور واپڈا سے متعلق مختلف نوعیت کی شکایات پیش کیں۔ ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے تمام شکایات نہایت توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ واپڈا افسران کو ان کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے تاکہ عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب پاکستان کا دروازہ ہر شہری کے لیے ہمیشہ کھلا ہے اور کسی کو انصاف کے حصول میں رکاوٹ کا سامنا نہیں کرنے دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آج کی کھلی کچہری میں تقریباً پچاس شکایات موصول ہوئیں جن میں زیادہ تر شکایات بجلی کے بلوں میں غیر ضروری اضافی چارجز، میٹر کی خرابی، نئے کنکشن کے حصول میں تاخیر اور ریٹائرڈ ملازمین کے پینشن معاملات سے متعلق تھیں۔ ایڈوائزر نے کہا کہ ایسے تمام معاملات میں تاخیر یا لاپرواہی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے حکم دیا کہ متعلقہ افسران ان شکایات کے ازالہ کیلئے فوری کارروائی یقینی بنائیں۔ شاہد حسین جیلانی نے واضح کیا کہ وفاقی محتسب کا نظام عوامی خدمت کا موثر ذریعہ بن چکا ہے جو کسی مالی بوجھ کے بغیر عام شہری کو انصاف مہیا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریاں نہ صرف عوامی مشکلات سننے کا موقع فراہم کرتی ہیں بلکہ ان کے حل کے لیے اداروں کو جواب دہ بنانے کا ایک موثر پلیٹ فارم بھی ثابت ہو رہی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کے تحت اصلاحات کا یہ سلسلہ ملک کے تمام اضلاع تک وسیع کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف میسر آ سکے۔ ایڈوائزر نے اس موقع پر متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام شہری شکایات کا ریکارڈ مرتب کر کے ان کی پیش رفت کی رپورٹ فوری طور پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کو ارسال کی جائے تاکہ مسائل کے پائیدار حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت حکومت اور اداروں کی اولین ذمہ داری ہے اور وفاقی محتسب پاکستان اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی بھرپور توانائیاں صرف کر رہا ہے۔ کھلی کچہری کے دوران عوامی نمائندگان اور شہریوں نے وفاقی محتسب کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے عام آدمی کو اپنی آواز بلند کرنے اور بروقت انصاف حاصل کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ تقریب میں واپڈا افسران، ضلعی انتظامیہ کے نمائندگان اور میڈیا کے افراد بھی شریک تھے جنہوں نے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی کے براہ راست عوامی رابطے کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیا۔



اسلام آباد، شیخوپورہ، ساہیوال اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا معتبر و مستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ سٹی پیپر

ایڈیٹر انچیف ناصر علی ملک

اسلام آباد — فیصل آباد

CPL. # 70

جلد نمبر 18 | جمعرات، 13 نومبر 2025ء، 21 جمادی الاول 1447ھ، 30 کاتک 2077 بم | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 251

# وفاقی محتسب عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے سرگرم، شاہد حسین جیلانی کی کمالیہ میں کھلی کچہری

## ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے تمام شکایات نہایت توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ واپڈا افسران کو ان کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے

## کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے تاکہ عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جا سکے

## وفاقی محتسب پاکستان کا دروازہ ہر شہری کے لیے ہمیشہ کھلا ہے اور کسی کو انصاف کے حصول میں رکاوٹ کا سامنا نہیں کرنے دیا جائے گا

فیصل آباد/کمالیہ، (پ ر) وفاقی محتسب پاکستان کے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو فوری، سستا اور بامقصد انصاف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے اور عوامی شکایات کے حل میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وہ بدھ کے روز واپڈا کمپلیکس کمالیہ میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے تھے جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور واپڈا سے متعلق مختلف نوعیت کی شکایات پیش کیں۔ ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے تمام شکایات نہایت توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ واپڈا افسران کو ان کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے تاکہ عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب پاکستان کا دروازہ ہر شہری کے لیے ہمیشہ کھلا ہے اور کسی کو انصاف کے حصول میں رکاوٹ کا سامنا نہیں کرنے دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آج کی کھلی کچہری میں تقریباً پچاس شکایات موصول ہوئیں جن میں زیادہ تر شکایات بجلی کے بلوں میں غیر ضروری اضافی چارجز، میٹر کی خرابی، نئے کنکشن کے حصول میں تاخیر اور ریٹائرڈ ملازمین کے پینشن معاملات سے متعلق تھیں۔ ایڈوائزر نے کہا کہ ایسے تمام معاملات میں تاخیر یا لاپرواہی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے حکم دیا کہ متعلقہ افسران ان شکایات کے ازالہ کیلئے فوری کارروائی یقینی بنائیں۔ شاہد حسین جیلانی نے واضح کیا کہ وفاقی محتسب کا نظام عوامی خدمت کا موثر ذریعہ بن چکا ہے جو کسی مالی بوجھ کے بغیر عام شہری کو انصاف مہیا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریاں نہ صرف عوامی مشکلات سننے کا موقع فراہم کرتی ہیں بلکہ ان کے حل کے لیے اداروں کو جواب دہ بنانے کا ایک موثر پلیٹ فارم بھی ثابت ہو رہی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کے تحت اصلاحات کا یہ سلسلہ ملک کے تمام اضلاع تک وسیع کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف میسر آ سکے۔ ایڈوائزر نے اس موقع پر متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام شہری شکایات کا ریکارڈ مرتب کر کے ان کی پیش رفت کی رپورٹ فوری طور پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کو ارسال کی جائے تاکہ مسائل کے پائیدار حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت حکومت اور اداروں کی اولین ذمہ داری ہے اور وفاقی محتسب پاکستان اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی بھرپور توانائیاں صرف کر رہا ہے۔ کھلی کچہری کے دوران عوامی نمائندگان اور شہریوں نے وفاقی محتسب کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے عام آدمی کو اپنی آواز بلند کرنے اور بروقت انصاف حاصل کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ تقریب میں واپڈا افسران، ضلعی انتظامیہ کے نمائندگان اور میڈیا کے افراد بھی شریک تھے جنہوں نے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی کے براہ راست عوامی رابطے کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیا۔



Member CPNE | A.B.C CERTIFIED | Registration No.887

THE DAILY SHAMAL SWAT KPK PAKISTAN (مسلسل اشاعت کے 33 سال)

روزنامہ

# شمال سوات

چیف ایڈیٹر و پبلشر
غلام فاروق

ایڈیٹر
جمعہ رحمان افگار

Www.dailyshamalswat.com

Email: thedailyshamalswat@gmail.com

جلد نمبر 33 | جمعرات 13 نومبر 2025ء بمطابق 21 جمادی الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 320

فون نمبر: 0946-711788-713700 / فیکس نمبر: 0946-700452 | صفحات 6 قیمت 15 روپے

# چترال میں وفاقی محتسب کی پہلی عوامی آگاہی مہم اور کھلی کچہری کا انعقاد

## تقریب وفاقی محتسب کے ملاکنڈ ڈویژن کے حکام کی نگرانی میں منعقد ہوئی، ریجنل ہیڈ پشاور محمد مشتاق جدون، اور ریجنل ہیڈ سوات ثناء اللہ خان نے شرکت کی

چترال (بیورو نیوز) چترال میں وفاقی محتسب کی پہلی عوامی آگاہی مہم اور کھلی کچہری کا انعقاد گزشتہ روز ضلع لوئر چترال میں وفاقی محتسب کی پہلی عوامی آگاہی مہم اور کھلی کچہری کا انعقاد ہوا، جس میں علاقہ مکین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اس کو سراہا۔ یہ تقریب وفاقی محتسب کے ملاکنڈ ڈویژن کے حکام کی نگرانی میں منعقد ہوئی، جس میں ریجنل ہیڈ پشاور محمد مشتاق جدون، اور ریجنل ہیڈ سوات ثناء اللہ خان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چترال، اسسٹنٹ کمشنر چترال (بقیہ 7 صفحہ 4)